© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

- جامعہ محمدیہ، مسجد اللہ اکبر (گلبرگ، ملتان) کے سربراہ مولانا قاری منیر احمد جالندھری کی اہلیہ حافظہ قاریہ اُمّ طلحہ مرحومہ، انتقال، ۱۹؍جنوری ۲۰۱۱ء۔ نہایت صالحہ خاتون تھیں۔ ۳۳؍سال تعلیم و تدریس قرآن کی خدمت میں مشغول رہیں۔
- مجلس احرارِ اسلام چیچہ وطنی کے سابق صدر خان محمد افضل مرحوم کی اہلیہ اور خان فیاض احمد صاحب کی والدہ ماجدہ، انتقال، ۲۲؍مئی ۲۰۱۱ء۔ مرحومہ کی نماز جنازہ چک نمبر ۱۵/۱۱/۷، میں قاری محمد قاسم صاحب نے پڑھائی۔ احبابِ احرار سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے حضرات نے نمازِ جنازہ میں شرکت کی۔
- ہمارے کرم فرما حاجی عبدالعزیز (احمد سویٹس ملتان) کے بڑے بھائی حاجی عبدالرشید مرحوم انتقال، ۲؍مئی ۲۰۱۱ء بروز پیر
- مجلس احرارِ اسلام جلال پور پیر والہ کے نائب امیر قاری محمد معاذ کی بڑی بیٹی (خیر العلوم کی معلّمہ) ۲۳؍مئی ۲۰۱۱ء کو انتقال کر گئیں۔
- تحریک طلباء اسلام ملتان کے رہنما فرحان الحق حقانی کے چچا اللہ وسایا صاحب، انتقال، ۶؍مئی ۲۰۱۱ء

احباب و قارئین سے تمام مرحومین کے لیے دعاءِ مغفرت و ایصالِ ثواب کے اہتمام کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے (آمین)

## دعائے صحت

- مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر اور مخلص احرار کارکن جناب محمد بشیر چغتائی طویل عرصہ سے علیل ہیں۔
- جناب پروفیسر عباس نجمی (لاہور) پہلے کی نسبت روبصحت ہیں۔ احباب ان کی مکمل صحت یابی کی دعائیں جاری رکھیں۔
- مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے کارکن میاں امجد حسین کے چھوٹے بھائی میاں محمد سعید شدید علیل ہیں۔

احباب و قارئین سے دعاء صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے

ماہانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان
30 جون 2011ء
جمعرات بعد نماز مغرب
دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان
ابن امیر شریعت
حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم
امیر مجلس احرار اسلام پاکستان
الداعی سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
061-4511961



© rasailojaraid.com